بسم اللہ الرحمن الرحیم
تیسیر القرآن
آسان قرآنی گرامر
تصنیف
عطاء الرحمن ثاقب
گولڈ میڈلسٹ ریاض یونیورسٹی سعودی عرب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

عربی گرائمر کے متعلق یہ تاثر دیا جاتا ہے کہ وہ بہت مشکل ہے حالانکہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ اس تاثر کی وجہ وہ نصاب ہے جو ہمارے ہاں پڑھایا جاتا ہے یا وہ طریقہ تدریس ہے جو اختیار کیا جاتا ہے۔ الحمد للہ! ہم نے تیسیر القرآن میں جو سلیبس ترتیب دیا ہے وہ عربی گرائمر کے ان قواعد و ضوابط پر مشتمل ہے جو قرآن و حدیث کا ترجمہ سمجھنے کے لیے ضروری ہیں۔ اس میں وہ طویل اور غیر ضروری بحثیں شامل نہیں ہیں جن کا یا تو استعمال ہی نہیں ہوتا یا وہ قرآن و حدیث کے ترجمے میں کوئی معاونت نہیں کرتیں۔ نیز ہمارے ہاں جو گرائمر پڑھائی جاتی ہے اسے قرآنِ مجید سے وابستہ نہیں کیا جاتا۔ عربی گرائمر کے قواعد کی مثالیں قرآنِ مجید کی آیات اور احادیث نبویہ (ﷺ) میں سے دینے کی بجائے اِدھر اُدھر سے دی جاتی ہیں۔ اس کتاب میں دی گئی مثالیں زیادہ تر قرآنِ مجید میں سے ہیں اور یوں عربی گرائمر کے ساتھ ساتھ قرآنی ذخیرۂ الفاظ کا ایک وافر حصہ بھی اس کتاب میں موجود ہے۔ یہ کتاب پڑھنے کے بعد طالب علم کو صرف عربی گرائمر سے ہی واقفیت نہیں ہوتی بلکہ اُسے قرآنِ مجید کا ترجمہ کرنے کی بھی مشق ہو جاتی ہے۔

الغرض طالب علم میں عربی گرائمر کی روشنی میں قرآنِ مجید کا ترجمہ سمجھنے کی استعداد پیدا کرنا اس کتاب کا بنیادی ہدف ہے اور تجربے کے مطابق الحمد للہ یہ کتاب اس ہدف کے حصول میں بڑی حد تک کامیاب ثابت ہو رہی ہے۔

یہ وضاحت بھی ضروری ہے کہ عربی گرائمر کے ضروری قواعد سمجھے بغیر قرآنِ مجید کا ترجمہ سمجھنا خاصا مشکل بھی ہے اور اس سے وہ فوائد بھی حاصل نہیں ہوتے جو عربی قواعد سمجھنے کی صورت میں حاصل ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ قرآنِ مجید سمجھنے کے لیے عربی گرائمر کے بنیادی قواعد و ضوابط سے واقفیت بہت ضروری ہے تاکہ الفاظ کی ساخت اور بناوٹ کو سامنے رکھتے ہوئے ان کا ترجمہ آسانی کے ساتھ کیا جا سکے۔

ہمیں احساس ہے کہ یہ کتاب نہایت مختصر ہے اور اس کی کچھ بحثوں میں تفصیل کی ضرورت ہے۔ اس کتاب کی یک گائیڈ بک بھی تیار کی جا رہی ہے جس میں کچھ اضافوں سمیت اس کی مشقوں کا حل بھی دیا جا رہا ہے۔ یہ گائیڈ بک جلد ہی منظر عام پر آنے والی ہے۔ ان شاء اللہ العزیز۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین۔

الدرس الاول :

کلمہ کی اقسام

لفظ کا معنی "پھینکنا" ہے۔ ہماری زبان جس آواز کو باہر پھینکتی ہے اسے لفظ کہا جاتا ہے۔ لفظ کی دو قسمیں ہیں :

❶ بامعنی۔ اسے کلمہ کہا جاتا ہے۔ ❷ بے معنی۔ اسے مہمل کہا جاتا ہے۔

اسم : وہ لفظ جو کسی کے نام یا صفت (اچھائی یا برائی) کو ظاہر کرے۔ مثلاً اَللّٰهُ، مُحَمَّدٌ ﷺ، مَكَّةُ، غَفُوْرٌ، رَسُوْلٌ، بَابٌ، غُرْفَةٌ، شَمْسٌ، طِفْلٌ، مَاءٌ، نَجْمٌ، صَادِقٌ، صَالِحٌ، فَاسِقٌ وغیرہ۔

فعل : ایسا لفظ جس سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا پتہ چلے اور اس لفظ کا تعلق کسی زمانے (ماضی، حال، مستقبل) سے بھی ہو مثلاً خَلَقَ (اُس نے پیدا کیا) يَعْبُدُ (وہ عبادت کرتا ہے) وغیرہ۔

نوٹ : زمانے کی قید سے "مصدر" کو فعل سے باہر نکال دیا گیا ہے۔ کیونکہ مصدر میں زمانہ نہیں پایا جاتا مثلاً عِبَادَةٌ (عبادت کرنا) اَمْرٌ (حکم کرنا) نَهْيٌ (روکنا) وغیرہ۔

حرف : جو لفظ اسم ہو نہ فعل اسے حرف کہا جاتا ہے۔ مثلاً اِلٰى، مِنْ، فِيْ، عَلٰى وغیرہ۔

تنوین : تنوین کا معنی نون کی آواز پیدا کرنا ہے، لفظ کے آخر میں دو زبر، دو زیر، دو پیش (ـً ـٍ ـٌ) کو تنوین کہا جاتا ہے۔

جس لفظ کے آخر میں تنوین ہو یا شروع میں الف لام ہو وہ لازماً اسم ہوگا۔ واضح رہے (ال) اور (ـً ـٍ ـٌ) کسی لفظ پر اکٹھے نہیں آسکتے یعنی الف لام شروع میں آجائے تو آخر میں تنوین نہیں آئے گی اور آخر میں تنوین استعمال ہو تو شروع میں الف لام (ال) نہیں آئے گا۔ مثلاً اَلْكِتَابٌ کہنا غلط ہے۔

بعض الفاظ میں (ال) کا لام پڑھنے میں آتا ہے مثلاً اَلْقَمَرُ اور بعض الفاظ میں ساکت (Silent) ہوتا ہے مثلاً "اَلشَّمْسُ"

تعریف (Definition) کے لحاظ سے اسم کی دو قسمیں ہیں۔

ذات / صفت

جو لفظ کسی چیز کے نام کو ظاہر کرے اسے اسم ذات کہا جاتا ہے مثلاً اَلْبَيْتُ اور جو کسی کی صفت یعنی اچھائی یا برائی کو ظاہر کرے اسے اسم صفت کہا جاتا ہے مثلاً اَلْجَدِيْدُ۔

اسم ذات کی چند مثالیں : اَلْمَسْجِدُ۔ قَلَمٌ۔ اَلْجَنَّةُ۔ كَعْبَةٌ۔ اَلْوَرَقُ۔ دَارٌ۔ اَلطَّعَامُ۔ ظِلٌّ۔ اَلْجِسْمُ۔ يَدٌ۔ قَمِيْصٌ۔ اَلْغَارُ۔ اَلْكُرْسِيُّ۔ قَدَمٌ۔ اَلْبِنْتُ۔ وَلَدٌ۔ اَلْعَيْنُ۔ اُذُنٌ۔

اسم صفت کی چند مثالیں : اَلْمُسْلِمُ۔ مُؤْمِنٌ۔ اَلْكَافِرُ۔ فَاسِقٌ۔ اَلصَّالِحُ۔ شَاعِرٌ۔ اَلْعَالِمُ۔ جَاهِلٌ۔ اَلْجَدِيْدُ۔ اَلسَّمِيْعُ۔ عَلِيْمٌ۔

نوٹ : الف لام (ال) اور تنوین (ـً ـٍ ـٌ) سے متعلق کچھ باتیں آگے ذکر کی جائیں گی۔

الدرس الثانی :

جنس (مذکر و مؤنث)

(Masculine and Feminine)

کسی بھی اسم کے متعلق عربی گرائمر کے لحاظ سے مکمل معلومات حاصل کرنے کیلئے چار باتوں کا پتہ ہونا ضروری ہے :

❶ جنس ❷ عدد ❸ وسعت ❹ حالتِ اعرابی

جنس : اس سے مراد اسم کے متعلق یہ جاننا ہے کہ وہ مذکر ہے یا مؤنث۔ عربی زبان میں مؤنث کی تین اقسام ہیں :

مؤنث حقیقی : (Real Feminine) جس لفظ میں نر اور مادے (Pair) کا تصور موجود ہو تو نر (Male) سے تعلق رکھنے والا اسم مذکر اور مادے (Female) سے تعلق رکھنے والا اسم مؤنث ہو گا مثلاً اُمٌّ۔ اُختٌ۔ بَقَرٌ۔ جَامُوْسٌ۔ اسے مؤنث حقیقی کہا جائے گا۔

مؤنث قیاسی : (Formal Feminine) جس لفظ میں نر اور مادے کا تصور موجود نہ ہو اس کے متعلق مذکر یا مؤنث کی پہچان یوں کی جاتی ہے کہ جس لفظ کے آخر میں گول تاء (ۃ) ہو اسے مؤنث اور جس لفظ کے آخر میں (ۃ) نہ ہو اُسے مذکر کہا جائے گا۔

مذکر کی چند مثالیں : جِدَارٌ۔ کِتَابٌ۔ قَلَمٌ۔ صِرَاطٌ۔ مَسْجِدٌ۔ بَیْتٌ۔ کُرْسِیٌّ۔ نَهْرٌ۔

مؤنث کی چند مثالیں : سَاعَةٌ۔ مِرْوَحَةٌ۔ شَجَرَةٌ۔ جَنَّةٌ۔ آیَةٌ۔

مؤنث سماعی : (Exceptional Feminine) چند الفاظ ایسے ہیں جن کے آخر میں (ۃ) نہیں آتی اس کے باوجود وہ مؤنث استعمال ہوتے ہیں۔ انہیں مؤنث سماعی کہا جاتا ہے۔ یعنی قاعدے کے مطابق تو وہ مؤنث نہیں لیکن اہل زبان کو انہیں مؤنث استعمال کرتے ہوئے سنا گیا ہے۔ وہ گنتی کے چند الفاظ ہیں۔ مثلاً سَمَاءٌ۔ حَرْبٌ۔ شَمْسٌ۔ نَارٌ۔ نَفْسٌ۔ عَصَا۔ سَبِیْلٌ۔ رِیْحٌ۔ اَرْضٌ۔ دَارٌ۔ بِئْرٌ۔ دَلْوٌ۔ خَمْرٌ۔ کَاْسٌ۔ جَهَنَّمُ۔ رُؤْیَا۔

خَلِیْفَةٌ اور عَلَّامَةٌ میں گول تاء (ۃ) موجود ہے اس کے باوجود یہ مذکر ہیں۔ انہیں مذکر سماعی کہا جا سکتا ہے۔

مؤنث سماعی میں جسم کے اعضاء میں سے وہ اکثر اعضاء بھی شامل ہیں جو دو دو ہیں۔ مثلاً یَدٌ۔ عَیْنٌ۔ قَدَمٌ۔ رِجْلٌ۔ سَاقٌ۔ اُذُنٌ۔ خَدٌّ مؤنث سماعی ہیں۔ جب کہ رَاْسٌ۔ سِنٌّ۔ بَطْنٌ وغیرہ مذکر ہیں۔ اسی طرح شہروں اور ملکوں کے نام بھی مؤنث سماعی ہیں۔

مذکر اور مؤنث کو علیحدہ کریں :

اَلْمَلَکُ۔ اَلْمَلِکُ۔ اَللَّحْمُ۔ رَحْمَةٌ۔ اَللِّبَاسُ۔ اَلْوَحْیُ۔ اَلْکَلَامُ۔ اَلنَّارُ۔ اَلنَّفْسُ۔ اَلْآیَةُ۔ اَلْخَالَةُ۔ اَخٌ۔ حَبَّةٌ۔ اَلْبَحْرُ۔ اَلْقِیَامَةُ۔ اَلْجَبَلُ۔ مُؤْمِنَةٌ۔ اَلشَّیْطَانُ۔ قَرْیَةٌ۔

الدرس الثالث :

عدد

اس سے مراد اسم کے متعلق یہ جاننا ہے کہ وہ واحد ہے تثنیہ ہے یا جمع۔ چنانچہ عدد کے لحاظ سے اسم کی تین اقسام ہیں :

واحد : (Singular) ایسا اسم جو ایک کیلئے استعمال ہو مثلاً اَلْقَلَمُ۔ اَلْکِتَابُ۔ اَلسَّاعَةُ وغیرہ۔

تثنیہ : (Dual) ایسا اسم جو دو کیلئے استعمال ہو۔ عربی زبان میں اس کا طریقہ یہ ہے کہ اسم کے آخر میں (انِ) کا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

مثلاً : اَلْقَلَمَانِ۔ اَلْکِتَابَانِ۔ اَلسَّاعتَانِ۔ وغیرہ۔

جمع : (Plural) ایسا اسم جو دو سے زیادہ کیلئے استعمال ہو۔ اس کی تین اقسام ہیں :

جمع مکسر : (Broken Plural) مکسر کا لفظی معنی ہے (ٹوٹا ہوا) جمع کا ایسا لفظ جس کا واحد ٹوٹ جائے۔ یعنی اپنی اصلی شکل میں نہ رہے جمع مکسر کہلاتا ہے۔ مثلاً رَجُلٌ سے رِجَالٌ کِتَابٌ سے کُتُبٌ اِمْرَأَةٌ سے نِسَاءٌ وغیرہ

اس کی کوئی علامت (پہچان) نہیں ہے۔

جمع سالم مذکر : مذکر لفظ کی ایسی جمع کو کہا جاتا ہے جس کا واحد صحیح سالم یعنی اپنی اصلی شکل میں رہے۔ مثلاً مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ۔ فَاسِقٌ سے فَاسِقُوْنَ وغیرہ۔ اس کی علامت (پہچان) یہ ہے کہ اس کے آخر میں (نَ) آتا ہے۔

جمع سالم مؤنث : مؤنث کی ایسی جمع کو کہا جاتا ہے۔ جس کا واحد صحیح سالم رہے مثلاً مُسْلِمٌ کی مؤنث ہے مُسْلِمَةٌ اور اس کی جمع ہے مُسْلِمَاتٌ۔ اس کی پہچان یہ ہے کہ اس کے آخر میں الف اور لمبی تاء (ات) آتی ہے۔

نوٹ : (نِ) تثنیہ کی اور (نَ) جمع کی علامت ہے۔

تثنیہ کی چند مثالیں : اَلرَّجُلَانِ۔ اَلْاِمْرَأَتَانِ۔ اَلْوَلَدَانِ۔ اَلْبِنْتَانِ۔ مُشْرِکَانِ۔ اَلسَّاجِدَانِ۔ اَلنَّبِيَّانِ۔ اَلسَّاحِرَانِ۔ اَلزَّوْجَانِ۔ عَيْنَانِ۔ اَلشَّفَتَانِ۔ اَلْمَلَکَانِ۔ بُرْهَانَانِ۔ اَلْمُسْلِمَتَانِ۔

جمع مکسر کی چند مثالیں : اَلرُّسُلُ۔ اَلْاَنْبِيَاءُ۔ اَلْفُقَرَاءُ۔ اَلْمَسَاجِدُ۔ اَنْهَارٌ۔ اَبْوَابٌ۔ اَشْهُرٌ۔ عِبَادٌ۔ اَلْاَنْفُسُ۔ اَلْاَيَّامُ۔ اَلْاَوْلَادُ۔ اَلْاَمْوَالُ۔ قُلُوْبٌ۔ اَعْيُنٌ۔ اَلسِّنَةُ۔

جمع سالم مذکر کی چند مثالیں : اَلْمُؤْمِنُوْنَ۔ خَالِدُوْنَ۔ اَلْجَاهِلُوْنَ۔ مُشْرِکُوْنَ۔ اَلصَّالِحُوْنَ۔ اَلْعَامِلُوْنَ۔ خَاشِعُوْنَ۔ مُعْرِضُوْنَ۔

حَافِظُوْنَ۔ صَابِرُوْنَ۔ اَلْمُخْلِصُوْنَ۔ رَاجِعُوْنَ۔ اَلْمُفْلِحُوْنَ۔ تَائِبُوْنَ۔ صَائِمُوْنَ۔ اَلصَّادِقُوْنَ۔ کَاذِبُوْنَ۔ اَلْمُنَافِقُوْنَ۔ سَبِقُوْنَ۔

جمع سالم مؤنث کی چند مثالیں : مُسْلِمَاتٌ۔ مُؤْمِنَاتٌ۔ اَلذّٰکِرَاتُ۔ اَلصَّابِرَاتُ۔ اَلصَّادِقَاتُ۔ تَائِبَاتٌ۔ حَامِدَاتٌ۔ صَائِمَاتٌ۔ اَلْحَافِظَاتُ۔ اَلدَّرَجَاتُ۔ کَلِمَاتٌ۔ اَمَانَاتٌ۔ اَلسَّمَاوَاتُ۔ عَابِدَاتٌ۔ اَلصَّدَقَاتُ۔

نوٹ : جس جمع کا واحد مذکر ہو وہ جمع بھی مذکر استعمال ہوتی ہے خواہ اس کے آخر میں گول تاء (ۃ) ہی کیوں نہ ہو مثلاً مَلَائِکَۃٌ مذکر ہے۔ کیونکہ اس کا واحد مَلَکٌ مذکر ہے۔

الدرس الرابع :

وسعت

(Capacity)

وسعت سے مراد کسی اسم کے متعلق یہ معلوم کرنا ہے کہ وہ معرفہ ہے یا نکرہ۔

وسعت کا معنی گنجائش ہے۔ نکرہ کی وسعت زیادہ ہوتی ہے اور معرفہ کی کم مثلاً رَجُلٌ ہر آدمی کو کہا جاسکتا ہے لیکن خَالِدٌ۔ مَحْمُوْدٌ وغیرہ چونکہ مخصوص نام ہیں اس لئے ہر آدمی پر اس کا اطلاق نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ ان الفاظ کی وسعت کم ہے۔

وسعت کے لحاظ سے اسم کی دو اقسام ہیں :

1. نکرہ (Common Noun)
2. معرفہ (Proper Noun)

معرفہ کی پانچ اقسام :

اسم علم : مخصوص نام (Proper Name) کو اسم علم کہا جاتا ہے۔ مثلاً مُحَمَّدٌ۔ عَائِشَةُ۔ بَاكِسْتَانُ وغیرہ۔

اسم ضمیر : (Pronoun) کسی نام کی جگہ استعمال ہونے والے لفظ کو اسم ضمیر کہتے ہیں۔ مثلاً هُوَ۔ اَنْتَ۔ اَنَا وغیرہ۔

ضمیر کا تفصیلی ذکر آگے آئے گا۔ ان شاء اللہ

اسم اشارہ : اشارے کیلئے استعمال ہونے والے اسماء۔

اشارے کی دو اقسام ہیں :

1. اشارہ قریب
2. اشارہ بعید

اشارہ قریب :

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	هٰذَا	هٰذَانِ	هٰؤُلَاءِ
مؤنث	هٰذِهٖ	هَاتَانِ	هٰؤُلَاءِ

اشارہ بعید :

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	ذٰلِكَ	ذَانِكَ	أُولٰئِكَ
مؤنث	تِلْكَ	تَانِكَ	أُولٰئِكَ

اسم موصول: (Conjunction) دونوں جملوں کو ملانے کیلئے استعمال ہونے والے اسماء۔ مثلاً جو' جس نے' جس کو' جس کا' جنھوں نے' جن کا۔

اسمائے موصولہ یہ ہیں :

جنس	واحد	تثنیہ	جمع
مذکر	اَلَّذِیْ	اَللَّذَانِ	اَلَّذِیْنَ
مؤنث	اَلَّتِیْ	اَللَّتَانِ	اَلْاٰتِیْ۔ اَللَّاۗئِیْ

معرف باللام : (Proper Noun with Al) ایسا نکرہ جس کے شروع میں الف لام لگا کر معرفہ بنالیا جائے۔ اَلْ (الف لام) کا وہی استعمال ہے جو انگلش میں The کا ہے۔

مثلاً کِتَابٌ سے اَلْکِتَابُ۔

نوٹ : واضح رہے کہ معرفہ کی پہلی چار اقسام کے ساتھ (ال) لگانا درست نہیں۔ مثلاً اَلْمُحَمَّدُ یا اَلْھٰذَا وغیرہ کہنا صحیح نہیں ہے۔

اسم نکرہ : ہر وہ اسم جو مذکورہ بالا پانچ اقسام میں سے کسی قسم سے تعلق نہ رکھتا ہو وہ نکرہ ہوگا۔ مثلاً وَلَدٌ۔ وَلَدَانِ۔ اَوْلَادٌ۔ نکرہ کا ترجمہ ایک' کوئی' چند یا کچھ کے ساتھ کیا جاتا ہے' مثلاً وَلَدٌ ایک یا کوئی لڑکا اَوْلَادٌ چند لڑکے۔

مشق

❶ : معرفہ اور نکرہ کو الگ کریں۔

بِنْتٌ۔ اَلصَّالِحُوْنَ۔ اَلرِّجَالُ۔ نِسَاءٌ۔ ھٰذِہٖ۔ اَنَا۔ ذٰلِكَ۔ اِبْرَاھِیْمُ۔ فَاسِقَاتٌ۔ اَلسَّاعَتَانِ۔ جَمِیْلَۃٌ۔

❷ : معرفہ کو نکرہ بنائیں۔

اَلْاَوْلَادُ۔ اَلْکِتَابَانِ۔ اَلصَّالِحَاتُ۔ اَلْاٰیَاتُ۔ اَلْمُؤْمِنُوْنَ۔

❸ : نکرہ کو معرفہ بنائیں۔

رِجَالٌ۔ اِمْرَأَتَانِ۔ صَادِقَاتٌ۔ مُشْرِکُوْنَ۔ آیَۃٌ۔

الدرس الخامس :

اعراب

عربی زبان میں ایک لفظ کئی شکلیں تبدیل کرتا ہے لیکن اس کا معنی تبدیل نہیں ہوتا۔ مثلاً کِتَابٌ۔ کِتَابًا۔ کِتَابٍ۔ یا اَلْکِتَابُ۔ اَلْکِتَابَ۔ اَلْکِتَابِ۔ کلمہ طیبہ کے پہلے جزء میں اَللّٰهُ ہے اور دوسرے جزء میں "اَللّٰهِ" ہے۔ اسی طرح اَلْمُسْلِمُوْنَ اور اَلْمُسْلِمِیْنَ دونوں طرح قرآنِ مجید میں استعمال ہوا ہے۔ معنی میں تبدیلی کے بغیر کسی لفظ کی حالت (Form) کے تبدیل ہونے کو اعراب کہا جاتا ہے۔

یہ تبدیلی دو طرح سے ہوتی ہے :

1 : اعراب بالحرکت سے مراد کسی لفظ کی آخری حرکت کا تبدیل ہونا ہے۔ جیسے اَللّٰهُ۔ اَللّٰهَ۔ اَللّٰهِ۔ مُحَمَّدٌ۔ مُحَمَّدًا۔ مُحَمَّدٍ

2 : اعراب بالحرف سے مراد کسی لفظ میں موجود واؤ' الف اور یا میں سے کسی حرف کا تبدیل ہونا ہے۔ مثلاً رَجُلَانِ سے رَجُلَیْنِ۔ اور مُسْلِمُوْنَ سے مُسْلِمِیْنَ۔

(بے نون گروپ)

(نون گروپ)

تشریح : واحد خواہ مذکر ہو یا مؤنث اس سے متعلقہ تمام الفاظ میں تبدیلی حرکت کی ہوگی مثلاً رَسُوْلٌ۔ رَسُوْلًا۔ رَسُوْلٍ۔ اَلرَّسُوْلُ۔ اَلرَّسُوْلَ

اَلرَّسُوْلِ۔ سَاعَةٌ۔ سَاعَةً۔ سَاعَةٍ۔

تثنیہ خواہ مذکر ہو یا مؤنث اس سے متعلق تمام الفاظ میں حرف کی تبدیلی ہو گی مثلاً اَلْكِتَابَانِ سے اَلْكِتَابَيْنِ۔

جمع مکسر میں حرکت تبدیل ہو گی مثلاً رِجَالٌ۔ رِجَالاً۔ رِجَالٍ۔ یا اَلرِّجَالُ۔ اَلرِّجَالَ۔ اَلرِّجَالِ۔

اسی طرح جمع سالم مؤنث میں بھی حرکت تبدیل ہو گی۔ مثلاً مُسْلِمَاتٌ سے مُسْلِمَاتٍ۔

جبکہ جمع سالم مذکر میں حرف تبدیل ہو گا۔ مثلاً مُسْلِمُوْنَ سے مُسْلِمِيْنَ۔

اسم کی اعرابی حالتیں تین ہیں :

اسم کی اصلی حالت (OriginalForm) کو حالت رفع کہا جاتا ہے جبکہ نصب اور جر تبدیل شدہ حالت کو کہا جاتا ہے۔

کوئی بھی لفظ حالتِ رفع (اصلی حالت) سے نکل کر حالتِ نصب اور حالتِ جر میں کب جاتا ہے یہ ایک الگ موضوع ہے اور اس کی تفصیل آگے آئے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

رفع	نصب	جر
....ٌ	....ً	....ٍ
انِ	يْنِ	يْنِ
وْنَ	يْنَ	يْنَ

چند قواعد :

1. اسم صفت کی جمع عموماً جمع سالم استعمال ہوتی ہے مثلاً صَالِحُوْنَ۔ صَالِحَاتٌ۔ فَاسِقُوْنَ۔ فَاسِقَاتٌ۔
2. بعض الفاظ کی جمع بیک وقت سالم بھی استعمال ہوتی ہے اور مکسر بھی مثلاً نَبِیٌّ کی جمع نَبِيُّوْنَ بھی آتی ہے اور اَنْبِيَاءُ بھی۔
3. جن اسماء میں حرکت کی بجائے حرف تبدیل ہوتا ہے ان کی حالتِ نصب اور حالتِ جر ایک جیسی ہوتی ہے۔
4. جمع سالم مؤنث کے آخر میں حالتِ نصب میں بھی ـٍ آتی ہے۔ مثلاً اَلْمُسْلِمَاتُ کی حالتِ نصب اَلْمُسْلِمَاتِ ہے۔

اسم کی اعرابی حالتیں

جنس	عدد	رفع	نصب	جر
	واحد	مُسْلِمٌ	مُسْلِمًا	مُسْلِمٍ
مذکر	تثنیہ	مُسْلِمَانِ	مُسْلِمَيْنِ	مُسْلِمَيْنِ
	جمع	مُسْلِمُوْنَ	مُسْلِمِيْنَ	مُسْلِمِيْنَ
	واحد	مُسْلِمَةٌ	مُسْلِمَةً	مُسْلِمَةٍ
مؤنث	تثنیہ	مُسْلِمَتَانِ	مُسْلِمَتَيْنِ	مُسْلِمَتَيْنِ
	جمع	مُسْلِمَاتٌ	مُسْلِمَاتٍ	مُسْلِمَاتٍ
جمع مکسر		كُتُبٌ	كُتُبًا	كُتُبٍ

مشق

❶ : درج ذیل الفاظ کی اعرابی حالت بیان کریں :

نَبِيٌّ- رَسُوْلاً- مُحَمَّدٍ- آيَةُ الْوَلَدَانِ- كَلِمَةُ- شَجَرَةٍ- اَلْمُؤْمِنُ- اَلْاِمْرَاتَيْنِ- اَلْمُشْرِكَ- اَلْعَاقِبَةُ- اَلْكَافِرِ- اَلتَّوْرَاةَ- اَلصَّادِقُوْنَ- اَلْجَنَّةِ- اَلْكَاذِبِيْنَ- مُبَشِّرِيْنَ- مُنْذِرِيْنَ- شَهَادَاتٌ- اَلثَّمَرَاتِ- صَابِرَاتٍ- اَلرُّسُلُ- اَنْهَارًا- عِبَادٍ-

❷ : درج ذیل الفاظ کی جنس، عدد، وسعت اور اعرابی حالت بیان کریں۔

اَلْمُسْلِمِيْنَ- رِجَالٌ- اَلنِّسَاءِ- صَالِحَيْنِ- هٰذَانِ- اَنْتَ- عَذَابٍ- اَلنَّارُ- عَابِدَاتٍ- خَالِدِيْنَ- اَلسَّمَاوَاتِ- قُلُوْبٍ- اَلْوَالِدَيْنِ- غَافِلُوْنَ- اَلْمُسْلِمُوْنَ- مُؤْمِنِيْنَ- اَلْبَحْرَيْنِ- اَلْمُشْرِكَاتِ- سَيِّئَةٌ- آيَةً- اَلَّذِيْ- اَلصَّالِحَاتُ- اَلنَّفْسُ- مُؤْمِنَاتٌ- جَاهِلُوْنَ- اَمْوَالٌ- لِسَانًا- صُدُوْرٌ- اَطْفَالاً- اَرْضٍ- اَلسَّمٰوٰتِ- جَنَّاتٍ-

الدرس السادس :

مرکبات

مفرد اور مرکب : (Single and Compound)

کوئی بھی لفظ اگر جملے میں استعمال ہونے کی بجائے تنہا استعمال ہو تو مفرد کہلاتا ہے اور اگر کسی اور اسم کے ساتھ مل کر آئے تو مرکب کہلاتا ہے۔

مثلاً "اَلْوَلَدُ" اور "اَلصَّالِحُ" دونوں اگر علیحدہ علیحدہ استعمال ہوں تو مفرد ہوں گے اور اگر ملا کر استعمال کئے جائیں تو ان کو مرکب کہا جائے گا

مثلاً : "اَلْوَلَدُ الصَّالِحُ"۔

مفرد اسماء کی وضاحت گزر چکی ہے۔

بنیادی طور پر مرکب کی دو اقسام ہیں :

1 : مرکب ناقص (نامکمل) 2 : مرکب تام (مکمل)

مرکب ناقص : کم از کم دو ایسے الفاظ کا مرکب جس کا مفہوم مکمل نہ ہو۔

مرکب تام : کم از کم دو ایسے الفاظ کا مرکب جس کا مفہوم مکمل ہو۔

مرکب ناقص کی چار اقسام ہیں :

مرکب توصیفی : (Adjective Compound)

ایسا مرکب جس میں ایک اسم کی اچھائی یا برائی بیان کی جارہی ہو اور دوسرا اسم اچھائی یا برائی بیان کر رہا ہو۔ جس اسم کی اچھائی یا برائی بیان کی جائے اسے موصوف اور جو اسم اچھائی یا برائی بیان کرے اسے صفت کہا جاتا ہے۔ اس کے پہلے جزء کا نام موصوف اور دوسرے جزء کا نام صفت ہے۔

اردو زبان میں صفت پہلے آتی ہے اور موصوف بعد میں مثلاً "نیک لڑکا" عربی میں موصوف پہلے اور صفت بعد میں آتی ہے۔ مثلاً اَلْوَلَدُ الصَّالِحُ۔

قاعدہ : مرکب توصیفی کا قاعدہ یہ ہے کہ موصوف اور صفت میں ہر لحاظ سے مطابقت (Co-Ordination) ہوتی ہے۔ یعنی صفت کی جنس۔ عدد۔ وسعت اور اعراب موصوف کے مطابق (تابع) ہوتے ہیں۔ مثلاً اَلْوَلَدُ الصَّالِحُ۔ اَلْوَلَدَانِ الصَّالِحَانِ۔ اَلْاَوْلَادُ الصَّالِحُوْنَ۔ اَلْبِنْتُ الصَّالِحَةُ۔ اَلْبِنْتَانِ الصَّالِحَتَانِ۔ اَلْبَنَاتُ الصَّالِحَاتُ۔

استثناء : جمع مکسر غیر عاقل کی صفت واحد مؤنث استعمال ہوتی ہے مثلاً اَلْکُتُبُ الْجَدِیْدَةُ۔ اَلْاَقْلَامُ الطَّوِیْلَةُ۔

مشق

ردو میں ترجمہ کریں :

عَمَلُ الصَّالِحُ۔ شَجَرَةٌ مُبَارَكَةٌ۔ مَتَاعٌ قَلِيلٌ۔ أَجْرٌ عَظِيمٌ۔ اَلصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيمُ۔ اَلدِّينُ الْخَالِصُ۔ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ۔ اَلدَّارُ الْآخِرَةُ۔ كَلِمَةٌ
يِّبَةٌ۔ عِبَادٌ مُكْرَمُونَ۔ نِسَاءٌ مُؤْمِنَاتٌ۔ اَلنَّجْمُ الثَّاقِبُ۔ رَبٌّ غَفُورٌ۔ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ۔ غُلَامَانِ يَتِيمَانِ۔ عَيْنَانِ نَضَّاخَتَانِ آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ۔
صُحُفٌ مُكَرَّمَةٌ۔ كُتُبٌ قَيِّمَةٌ۔

یح کریں:

وَلَدُ الصَّالِحَةُ۔ اَلْبِنْتُ الصَّالِحُ۔ اَلْبَابَانِ الْقَدِيمَيْنِ۔ قُرْآنُ الْمَجِيدُ۔ مَدْرَسَةُ الْكَبِيرَةُ۔ أُمَّةُ الْمُسْلِمَةُ۔ اَلْأَوْلَادُ الصَّالِحِينَ۔
لنِّسَاءُ الْمُؤْمِنَتَانِ۔ اَلرِّجَالُ الْمُؤْمِنَانِ۔ اَلْأَقْلَامُ الْجَدِيدُونَ۔ اَلْأَوْلَادُ الصَّالِحَةُ۔

الدرس السابع :

مرکب اضافی
(Relative Compound)

ایسا مرکب جس میں ایک اسم کی اضافت (Relation) (تعلق یا نسبت) دوسرے اسم کی طرف کی جائے مثلاً کِتَابُ اللّٰہِ۔ رَسُوْلُ اللّٰہِ۔ جس اسم کی نسبت کی جائے اسے مضاف اور جس کی طرف کی جائے اسے مضاف الیہ کہا جاتا ہے۔

اردو میں مضاف الیہ پہلے اور مضاف بعد میں آتا ہے مثلاً اللہ کی کتاب۔ جبکہ عربی میں مضاف پہلے اور مضاف الیہ بعد میں آتا ہے مثلاً کِتَابُ اللّٰہِ۔

قواعد : 1: مضاف کا قاعدہ یہ ہے کہ اس سے پہلے ال (الف لام) نہیں آتا اور نہ ہی بعد میں تنوین مثلاً اَلْکِتَابُ اللّٰہِ یا کِتَابٌ اللّٰہِ کہنا غلط ہے۔

نوٹ : مضاف کے آخر میں چونکہ تنوین نہیں آتی اس لئے تثنیہ اور جمع کا (ن) بھی باقی نہیں رہتا مثلاً بَابَا الْمَسْجِدِ۔ مُسْلِمُوْ الْقَرْیَةِ۔

2 : مضاف الیہ کا قاعدہ ہے کہ وہ ہمیشہ حالتِ جر میں استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً کِتَابُ اللّٰہِ۔ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ۔

3 : اس کے ترجمہ میں عموماً کا۔ کے۔ کی آتا ہے۔

4 : بعض الفاظ بیک وقت مضاف بھی ہوتے ہیں اور مضاف الیہ بھی ان پر مضاف اور مضاف الیہ دونوں کے قواعد لاگو (Apply) ہوں گے مثلاً : بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ۔ بَیْتُ وَزِیْرِ الْمَلِكِ۔

مشق

اردو میں ترجمہ کریں۔

رَحْمَةُ اللّٰہِ۔ نَصْرُ اللّٰہِ۔ یَوْمُ الْقِیَامَةِ۔ صَلٰوةُ الْفَجْرِ۔ ثَوابُ الْآخِرَةِ۔ رَبُّ الْمَشْرِقَیْنِ۔ بَیْنَ الْبَحْرَیْنِ۔ جَزَاءُ الْکَافِرِیْنَ۔ اَصْحَابُ الْجَنَّةِ۔ آیَاتُ اللّٰہِ۔ اَبْوَابُ السَّمَاءِ۔ صَاحِبَا السِّجْنِ۔ یَدَا اَبِیْ لَهَبٍ۔

تصحیح کریں۔

اَلنَّاقَةُ اللّٰہِ۔ مَسْجِدُ الْمُسْلِمُوْنَ۔ نُوْرُ السَّمٰوٰتُ۔ اَلذِّکْرُ اللّٰہِ۔ کِتَابُ الْوِلْدَانِ۔ غُرْفَتَانِ الْبَیْتِ۔ مُشْرِکُوْنَ الْعَرَبِ۔

مرکب توصیفی اور مرکب اضافی کو الگ الگ کریں۔

رُسُلُ اللّٰہِ۔ اَلدِّیْنُ الْحَقُّ۔ آیَاتٌ بَیِّنَاتٌ۔ زِیْنَةُ اللّٰہِ۔ عَذَابٌ شَدِیْدٌ۔ نَارُ اللّٰہِ۔ بَیْتُ الْوَالِدَیْنِ۔ اَجْرُ الْمُحْسِنِیْنَ۔ اَلْمُسْلِمُوْنَ الصَّالِحُوْنَ۔ رِزْقٌ طَیِّبٌ۔ عَبْدَانِ صَالِحَانِ۔ اَلْعِبَادُ الْمُؤْمِنُوْنَ۔ عَذَابُ الْآخِرَةِ۔

عربی میں ترجمہ کریں :

دو نئی کتابیں۔ کتابوں کی قیمت۔ لڑکے کا نام۔ پرانا قلم۔ گھر کا دروازہ۔ قرآن کی سمجھ۔ لڑکیوں کا مدرسہ۔ نیک عورت۔ کمرے کی دیوار۔ خوبصورت گھڑی۔

الدرس الثامن

مرکب اشاری

مرکب اشاری : ایسا مرکب جس میں اسم اشارہ استعمال ہو۔ مثلاً هٰذَا الْقَلَمُ۔ تِلْكَ السَّاعَةُ۔ هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ۔

جو لفظ اشارہ کرنے کیلئے استعمال ہو۔ اسے اسم اشارہ اور جس کی طرف اشارہ کیا جائے اسے مشار الیہ کہا جاتا ہے۔ اردو زبان کی طرح عربی میں بھی اسم اشارہ پہلے اور مشار الیہ بعد میں آتا ہے۔

قاعدہ : مرکب اشاری میں بھی مرکب توصیفی کی طرح مطابقت کا ہونا ضروری ہے مثلاً هٰذَا الْوَلَدُ۔ هٰذِهِ الْبِنْتُ

مرکب جاری

عربی میں کچھ حروف ایسے ہیں جو اسم کو حالت جر میں لے جاتے ہیں انہیں حروف جارہ کہا جاتا ہے۔ جس مرکب میں ان حروف میں سے کوئی حرف آجائے تو اسے مرکب جاری کہتے ہیں۔ مرکب جاری کے پہلے حصے کو جار اور دوسرے کو مجرور کہا جاتا ہے۔

قرآن مجید میں استعمال ہونے والے حروف جارہ کی تعداد گیارہ ہے :

بِ	سے ساتھ (With)	بِسْمِ اللّٰهِ
تَ	(قسمیہ)	تَاللّٰهِ
كَ	مانند، طرح	كَالْجَنَّةِ
لِ	لئے	لِلّٰهِ
وَ	(قسمیہ)	وَالْعَصْرِ
مِنْ	سے (From)	مِنَ السَّمَاءِ
فِيْ	میں	فِي الْأَرْضِ
عَنْ	کی طرف سے، کے متعلق	عَنْ عَلِيٍّ
عَلٰى	پر	عَلَى الْكُرْسِيِّ
حَتّٰى	تک	حَتّٰى الْمَغْرِبِ
اِلٰى	طرف، تک	اِلَى الشَّمْسِ

اردو میں ترجمہ کریں۔ هٰذَا الْوَلَدُ۔ تِلْكَ الْبِنْتُ۔ ذَانِكَ الرَّجُلَانِ۔ هٰؤُلَاءِ الرِّجَالُ۔ أُولٰئِكَ النِّسَاءُ۔ لِلنِّسَاءِ۔ كَالْقَمَرِ۔ وَالْعَصْرِ۔ مِنَ الْبَيْتِ۔ اِلَى الْمَسْجِدِ۔ عَلَى السَّمَاءِ۔ تَاللّٰهِ۔

تصحیح کریں۔ هٰذِهِ الْجِدَارُ۔ ذٰلِكَ الْكِتَابُ۔ هٰؤُلَاءِ الْوَلَدَانِ۔ فِي الْمَسْجِدُ۔ عَلَى الْكَاذِبُوْنَ۔ لِلْمُتَّقُوْنَ۔ كَالنَّارُ۔ اِلَى الْبَيْتَانِ۔ هٰذَا السَّاعَةُ۔ لِلْمُسْلِمُوْنَ۔

الدرس التاسع

مرکب تام (جملہ)

تام کا معنی ہے مکمل۔ کم از کم دو ایسے الفاظ کا مرکب جس کا مفہوم مکمل ہو اسے مرکب تام کہا جاتا ہے۔ اس کا دوسرا نام جملہ ہے جملے کا ترجمہ ہے۔ ہیں یا ہوں سے کیا جاتا ہے۔

جملہ کی دو قسمیں ہیں :

-1 جملہ اسمیہ : جو اسم سے شروع ہو جیسے اَلْوَلَدُ صَالِحٌ

-2 جملہ فعلیہ : جو فعل سے شروع ہو جیسے ذَهَبَ الْوَلَدُ

جملہ اسمیہ کا ایک جزء مبتدا اور دوسرا خبر کہلاتا ہے۔

جملہ فعلیہ کے قواعد آگے ذکر کیے جائیں گے۔ ان شاء اللہ

جملہ اسمیہ
مبتدا — خبر
اَلْوَلَدُ — صَالِحٌ

قواعد :

1 : مرکب توصیفی اور مرکب اشاری کو معرفہ + نکرہ بنانے سے مرکب تام یعنی جملہ بن جاتا ہے۔ جیسے اَلْوَلَدُ الصَّالِحُ (نیک لڑکا) سے اَلْوَلَدُ صَالِحٌ لڑکا نیک ہے اور هٰذَا الْوَلَدُ سے هٰذَا وَلَدٌ۔

:2 مرکب اضافی اور مرکب جاری سے پہلے معرفہ لگانے یا بعد میں نکرہ لگانے سے مرکب تام یعنی جملہ بن جاتا ہے۔ جیسے هٰذَا كِتَابُ الْوَلَدِ یا كِتَابُ الْوَلَدِ جَدِيْدٌ۔ اسی طرح اَلْوَلَدُ فِي الْبَيْتِ یا فِي الْبَيْتِ وَلَدٌ

معرفہ + معرفہ = مرکب توصیفی	اَلْوَلَدُ الصَّالِحُ
نکرہ + نکرہ = مرکب توصیفی	وَلَدٌ صَالِحٌ
نکرہ + معرفہ = مرکب اضافی	كِتَابُ الْوَلَدِ
معرفہ + نکرہ = جملہ	اَلْوَلَدُ صَالِحٌ

مثالیں : 1- مرکب توصیفی سے مرکب تام بنانا

معرفہ + نکرہ : اَللّٰهُ غَفُوْرٌ۔ اَلْعَذَابُ شَدِيْدٌ۔ اَلْاَجْرُ عَظِيْمٌ۔ اَلْمَاءُ طَهُوْرٌ۔ اَلْقُرْآنُ نُوْرٌ۔ اَلصَّلٰوةُ قَائِمَةٌ۔ اَلْعَبْدَانِ صَالِحَانِ۔ اَلصَّحَابَةُ صَادِقُوْنَ۔ اَلْمُؤْمِنُوْنَ فَائِزُوْنَ۔ اَلْمُشْرِكَاتُ ظَالِمَاتٌ۔

مرکب اشاری سے مرکب تام بنانا

هٰذَا رَجُلٌ۔ هٰذِهٖ شَجَرَةٌ۔ هٰذَانِ سَاحِرَانِ۔ ذَانِكَ بُرْهَانَانِ۔ هٰؤُلَاءِ مُؤْمِنُوْنَ۔ تِلْكَ قَرْيَةٌ۔ اُولٰئِكَ ظَالِمَاتٌ۔

معرفہ + مرکب اضافی : اَللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ اَلْقُرْآنُ كِتَابُ اللّٰهِ۔ هٰؤُلَاءِ عِبَادُ اللّٰهِ۔ اُولٰئِكَ اَصْحَابُ الْجَنَّةِ۔

هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ۔ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمَاوَاتِ۔ اَللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ۔

مرکب اضافی + نکرہ : رَبُّ الْعَالَمِيْنَ غَفُوْرٌ۔ كِتَابُ اللّٰهِ نُوْرٌ۔ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَادِقٌ۔ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ۔ آيَاتُ اللّٰهِ بَيِّنَاتٌ۔ رُسُلُ اللّٰهِ مُبَشِّرُوْنَ۔ نَصْرُ اللّٰهِ قَرِيْبٌ۔ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ۔ اَجْرُ الْمُحْسِنِيْنَ عَظِيْمٌ۔ مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ۔ اَصْحَابُ الْقَرْيَةِ صَابِرُوْنَ۔ دَعْوَةُ الْاَنْبِيَاءِ صَادِقَةٌ۔ حَبْلُ اللّٰهِ مَتِيْنٌ۔

معرفہ + مرکب جاری : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ عَلِيٌّ كَالْاَسَدِ۔ اَللّٰهُ عَلَى الْعَرْشِ۔ اَلْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ۔ اَلنَّارُ لِلْكَافِرِيْنَ۔ اَللَّعْنَةُ عَلَى الظَّالِمِيْنَ۔ اَلْحَقُّ فِي الْقُرْآنِ۔ اَلْمُؤْمِنُ فِي الْمَسْجِدِ كَالسَّمَكِ فِي الْمَاءِ۔ اَلْمُؤْمِنُوْنَ عَلَى الْهِدَايَةِ۔ اَلْكُفَّارُ فِي الضَّلَالِ۔

مرکب جاری + نکرہ : لِلصَّابِرِيْنَ جَنَّةٌ۔ عَلَى الشَّيْطَانِ لَعْنَةٌ۔ فِي الصُّلْحِ خَيْرٌ۔ فِي الْفَسَادِ شَرٌّ۔ فِي الْبَيْتِ وَلَدَانِ۔ فِي الْغُرْفَةِ وَلَدٌ۔ لِلْمَسْجِدِ بَابَانِ۔ لَهُمْ عَذَابٌ۔ فِي حَيَاةِ الرَّسُوْلِ اُسْوَةٌ۔ فِي قُلُوْبِ الْمُنَافِقِيْنَ مَرَضٌ۔

نوٹ : مرکب ناقص + مرکب ناقص بھی جملہ بن جاتا ہے۔ مثلاً :

رَاْسُ الْحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ۔ مَوْتُ الْعَالِمِ مَوْتُ الْعَالَمِ۔ كِتَابُ الْوَلَدِ فِي الْغُرْفَةِ۔ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ عَلَى الْعَرْشِ۔ اَجْرُ الْمُتَّقِيْنَ عَلَى اللّٰهِ۔ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ۔ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَى الصَّادِقِيْنَ۔ اَلْوَلَدُ الطَّوِيْلُ وَلَدٌ صَالِحٌ۔ اَلْوَلَدُ الصَّالِحُ فِي الْمَسْجِدِ۔ فِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ۔

2 : معرفہ کو نکرہ بنانا ممکن نہ ہو تو معرفہ + معرفہ بھی جملہ بن جاتا ہے مثلاً اَنَا مَحْمُوْدٌ۔ هٰذَا حَامِدٌ۔

3 : جمع مکسر غیر عاقل کی خبر بھی صفت کی طرح واحد مؤنث ہوگی۔ مثلاً اَلْاَقْلَامُ جَدِيْدَةٌ۔ اور اَلْاَبْوَابُ مَفْتُوْحَةٌ۔

مشق

عربی میں ترجمہ کریں :

جنت صبر کرنے والوں کیلئے ہے۔ ہم اللہ کے بندے ہیں۔ لڑکے حاضر ہیں اور لڑکیاں غائب ہیں۔ وہ سب جاہل ہیں۔ حامد کے والد گھر میں ہیں۔ اللہ کی کتاب سچی ہے۔ کمرہ نیا ہے۔ اللہ علیم ہے۔ ظہر کی نماز کھڑی ہے۔ اذان کا وقت قریب ہے۔ اللہ بندوں کا رب ہے۔ یہ کتاب ہے۔ وہ گھڑی ہے۔ ظالموں کیلئے عذاب ہے۔ مومنوں کیلئے اجر ہے۔ قیامت قریب ہے۔ قبر کا عذاب سخت ہے۔ مومن کی قبر جنت کی طرح ہے۔

الدرس العاشر :

ضمائر (Pronouns)

ایسا لفظ جو کسی نام کی جگہ استعمال ہو اسے ضمیر کہا جاتا ہے۔ مثلاً اَللّٰہُ عَلَی الْعَرْشِ وَھُوَ خَالِقُ الْکَوْنِ وَ مُحَمَّدٌ ﷺ رَسُوْلُہٗ۔

ضمائر کی دو قسمیں ہیں :

ضمائر

(۱) منفصل (Separate Pronouns) — (۲) متصل (Attached Pronouns)

ضمائر منفصلہ اسم سے پہلے آتی ہیں مثلاً نَحْنُ طُلَّابٌ اور ضمائر متصلہ بعد میں مثلاً ھٰذَا اُمُّنَا۔

منفصلہ کا ترجمہ وہ۔ تو۔ تم۔ میں۔ ہم سے کیا جاتا ہے اور متصلہ کا ترجمہ اس کا۔ ان کا۔ تیرا۔ میرا۔ اور ہمارا وغیرہ سے کیا جاتا ہے۔ یا اس کی۔ تیری۔ میری وغیرہ۔ مثلاً اَنَا مُسْلِمٌ (میں مسلمان ہوں) اور اَللّٰہُ رَبِّیْ (اللہ میرا رب ہے)۔

ضمائر منفصلہ		ضمائر متصلہ
غائب (Absent) وہ		غائب (Absent) اس کا۔ ان کا
ھُوَ	واحد مذکر	ہٗ
ھُمَا	تثنیہ مذکر	ھُمَا
ھُمْ	جمع مذکر	ھُمْ
ھِیَ	واحد مؤنث	ھَا
ھُمَا	تثنیہ مؤنث	ھُمَا
ھُنَّ	جمع مؤنث	ھُنَّ
حاضر (Present) تو۔ تم۔ آپ		حاضر (Present) تیرا۔ تمہارا۔ آپ کا
اَنْتَ	واحد مذکر	کَ
اَنْتُمَا	تثنیہ مذکر	کُمَا
اَنْتُمْ	جمع مذکر	کُمْ
اَنْتِ	واحد مؤنث	کِ
اَنْتُمَا	تثنیہ مؤنث	کُمَا
اَنْتُنَّ	جمع مؤنث	کُنَّ
متکلم (Self) میں۔ ہم		متکلم (Self) میرا۔ ہمارا
اَنَا	واحد / مذکر / مؤنث	ی
نَحْنُ	تثنیہ / جمع / مذکر / مؤنث	نَا

نوٹ : جس لفظ کی طرف ضمیر لوٹ رہی ہو اسے ضمیر کا مرجع کہا جاتا ہے۔ مثلاً اَللّٰهُ خَالِقُ النَّاسِ وَ هُوَ رَبُّهُمْ میں هُوَ کا مرجع اَللّٰهُ ہے اور هُمْ کا مرجع اَلنَّاسِ ہے۔

ضمائر کے ساتھ

تخصیص / حصر (یعنی "ہی" کا مفہوم پیدا کرنا)

جملہ اسمیہ میں مبتدا اور خبر کے درمیان ضمیر لانے اور خبر کو معرفہ بنانے سے حصر تخصیص کا مفہوم پیدا ہو جاتا ہے۔

مثلاً: اَللّٰهُ غَفُوْرٌ سے اَللّٰهُ هُوَ الْغَفُوْرُ۔ اَلْكَافِرُوْنَ ظَالِمُوْنَ سے اَلْكَافِرُوْنَ هُمُ الظَّالِمُوْنَ۔ اُولٰٓئِكَ مُفْلِحُوْنَ سے اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔ اَصْحَابُ الْجَنَّةِ فَائِزُوْنَ سے اَصْحَابُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَائِزُوْنَ۔ هٰذَا حَقٌّ سے هٰذَا هُوَ الْحَقُّ۔ ذٰلِكَ ضَلَالٌ سے ذٰلِكَ هُوَ الضَّلَالُ۔

مشق

اردو میں ترجمہ کریں :

1 : اَيْنَ حَامِدٌ؟ 2 : هُوَ فِي الْمَسْجِدِ 3 : هَلْ اَنْتَ مُسْلِمٌ؟ 4 : نَعَمْ! اَنَا مُسْلِمٌ 5 : هَلْ اَنْتِ مُسْلِمَةٌ؟ 6 : نَعَمْ! اَنَا مُسْلِمَةٌ 7 : هٰذَا كِتَابُهُ 8 : اَلْإِسْلَامُ دِيْنِيْ وَدِيْنُكَ 9 : اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ 10 : هَلْ هٰذَا قَلَمُكَ؟ 11 : نَعَمْ! هٰذَا قَلَمِيْ 12 : مَنْ اَنْتِ؟ 13 : اَنَا طَالِبَةٌ 14 : هَلْ هٰذِهِ غُرْفَتُكُمْ؟ 15 : نَعَمْ! هٰذِهِ غُرْفَتُنَا 16 : مَدْرَسَتُنَا كَبِيْرَةٌ وَمَدْرَسَتُكُمْ صَغِيْرَةٌ 17 : اَيْنَ كِتَابُكَ يَا اَخِيْ؟ 18 : كِتَابِيْ فِي الْبَيْتِ 19 : مَنْ رَبُّكُمْ؟ 20 : اَللّٰهُ رَبُّنَا۔

عربی میں ترجمہ کریں۔

1 : آپ کا گھر کہاں ہے؟ 2 : ہمارا گھر اسلام آباد میں ہے 3 : خالد اور حامد کہاں ہیں؟ 4 : وہ دونوں سکول میں ہیں 5 : کیا آپ سعودی ہیں؟ 6 : نہیں! میں فلسطینی ہوں۔ 7 : ہم مطمئن ہیں۔ 8 : تو میرا بھائی ہے۔ 9 : کعبہ ہمارا قبلہ ہے۔ 10 : قرآن ہماری کتاب ہے 11 : تم دونوں کون ہو؟ 12 : کیا تم سب (مؤنث) مسلمان ہو؟ 13 : کیا تو حامد کی بہن ہے؟ 14 : تم سب میرے بھائی ہو 15 : آپ کا نام کیا ہے؟۔

تصحیح کریں۔

1 : عَائِشَةُ اُخْتِيْ وَهُوَ طَالِبَةٌ فِي الْمَدْرَسَةِ 2 : اَللّٰهُ رَبِّيْ وَاَنَا عَبْدُهَا 3 : هٰذَا كِتَابُ اَنَا 4 : هَلْ وَالِدُ اَنْتَ فِي الْبَيْتِ 5 : لَا هِيَ فِي الْمَكْتَبِ 6 : غُرْفَتِيْ وَاسِعَةٌ وَفِيْهِ مِرْوَحَةٌ جَمِيْلَةٌ 7 : اَنْتَ اُخْتِيْ وَاَنَا اَخُوْكَ 8 : هُنَّ اِخْوَانِيْ 9 : هَلْ هٰذَا كِتَابُ اَنْتَ؟ 10 : هٰذِهِ زَوْجَتُهَا۔

حصر کا مفہوم پیدا کریں :

1 : خَالِدٌ مُجْرِمٌ 2 : اُولٰٓئِكَ مُؤْمِنُوْنَ 3 : اَللّٰهُ سَمِيْعٌ 4 : هٰذَا حَقٌّ 5 : اَصْحَابُ النَّارِ خَاسِرُوْنَ 6 : هٰذِهِ مُجْرِمَةٌ 7 : هٰذَانِ شَرِيْرَانِ۔

الدرس الحادی عشر :

اسم کو حالتِ رفع (اصلی حالت) سے نکال کر حالتِ نصب میں لے جانے والے حروف

(یا مبتدا کو نصب دینے والے حروف)

اِنَّ - بے شک	اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ - اِنَّ الشِّرْکَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ - اِنَّ الْمُنَافِقِیْنَ فِی الدَّرْکِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ -
اَنَّ - کہ	اَشْھَدُ (میں گواہی دیتا ہوں) اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ -
کَاَنَّ - گویا کہ	کَاَنَّ عَلِیًّا اَسَدٌ - کَاَنَّ الْکَافِرِیْنَ اَنْعَامٌ -
لَیْتَ - کاش	لَیْتَ الْاِسْلَامَ غَالِبٌ - لَیْتَ الْبَاطِلَ مَغْلُوْبٌ
لٰکِنَّ - لیکن	اِنَّ الْقُرْآنَ بَیِّنٌ لٰکِنَّ الْکُفَّارَ جَاھِلُوْنَ - لٰکِنَّ عَذَابَ اللّٰہِ شَدِیْدٌ -
لَعَلَّ - شاید، تاکہ	لَعَلَّ خَالِدًا مَرِیْضٌ - لَعَلَّ الْوَلَدَیْنِ صَادِقَانِ

(1) مندرجہ بالا حروف کو اِنَّ وَ اَخَوَاتُھَا اور حروف مُشبہ بالفعل بھی کہا جاتا ہے (2) یہ تمام حروف اسم سے پہلے آتے ہیں۔ فعل سے پہلے انہیں لانا درست نہیں۔ مثلاً اِنَّ ذَھَبَ کہنا غلط ہے (3) ضمائر متصل کے ساتھ ان کا استعمال بکثرت کیا جاتا ہے۔ مثلاً 1- اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَیِّتُوْنَ - 2- اِنِّیْ سَقِیْمٌ - 3- لَعَلَّہٗ فِتْنَۃٌ لَّکُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ - 4- اِنَّہٗ ھُوَ الْغَفُوْرُ - 5- اِنَّھُمْ ھُمُ السُّفَھَاءُ - 6- اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ -

(4) یہ حرف ضمائر متصل سے پہلے استعمال ہوتے ہیں۔ ضمائر منفصل کے ساتھ ان کا استعمال درست نہیں مثلاً اِنَّ اَنْتَ اَخِیْ کہنا صحیح نہیں ہے۔

(5) ضمائر متصل کے ساتھ حرف جر (لِ) کی بجائے (لَ) استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً لَہٗ - لَھُمَا - وغیرہ سوائے "لِیْ" کے۔

مثلاً - (1) اِنِّیْ لَکَ مِنَ النَّاصِحِیْنَ - (2) ھُنَّ لِبَاسٌ لَّکُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّھُنَّ - (3) لَنَا اَعْمَالُنَا وَلَکُمْ اَعْمَالُکُمْ - (4) لَھُمْ مَّغْفِرَۃٌ وَّاَجْرٌ کَبِیْرٌ - (5) لِیْ عَمَلِیْ وَلَکُمْ عَمَلُکُمْ -

مشق

ترجمہ کریں : (1) بے شک قرآن سچی کتاب ہے۔ (2) بے شک تو میرا بھائی ہے۔ (3) شائد تو بیمار ہے۔ (4) گھر خوبصورت ہے لیکن وہ دور ہے۔ (5) بے شک میں اللہ کا بندہ ہوں۔

تصحیح کریں : (1) اِنَّ اَنْتَ صَادِقٌ (2) لَعَلَّ ھُوَ مَرِیْضٌ (3) اِنَّ الْعَرَبِیَّۃُ سَھْلَۃٌ (4) لِھُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ (5) اِنَّ الْمُؤْمِنُوْنَ فِی الْجَنَّۃِ وَاِنَّ الْکَافِرُوْنَ فِی النَّارِ -

الدرس الثانی عشر :

معرب۔ مبنی۔ غیر منصرف

معرب :

ایسے اسماء جو اعرابی تبدیلی قبول کرتے ہیں۔

مبنی :

ایسے اسماء جو اپنی بناوٹ (Formation) پر قائم رہتے ہیں اور اعرابی تبدیلی قبول نہیں کرتے۔ وہ درج ذیل ہیں :

(1) تمام ضمیریں۔ (2) تمام اسمائے اشارہ سوائے تثنیہ کے۔ (3) تمام اسمائے موصولہ سوائے تثنیہ کے۔ (4) تمام حروف۔ (5) ایسے اسماء جن کے آخر میں الف یا کھڑی زبر ہو۔ مثلاً : اَلدُّنْيَا۔ مُوْسٰى۔ (6) ایسا اسم جس کے آخر میں متکلم کی ضمیر "ی" ہو۔ مثلاً : كِتَابِيْ

نوٹ : مبنی اسماء تقریباً دس فیصد ہیں۔ بقیہ سب معرب ہیں۔

مبنی کی چند مثالیں :

(1) اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ (2) كَاَنَّهٗ هُوَ۔ (3) لَعَلَّكَ مَرِيْضَةٌ۔ (4) وَالْاٰخِرَةُ عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُتَّقِيْنَ۔ (5) لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ۔ (6) اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ۔ (7) مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ۔ (8) اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ۔ (9) اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَاءِ۔ (10) هٰذَانِ صَالِحَانِ وَاِنَّ هٰذَيْنِ شَرِيْرَانِ۔

غیر منصرف: ایسے اسماء جن کے آخر میں تنوین اور حالت جرّ میں ( ) استعمال نہیں ہوتی۔ وہ درج ذیل ہیں۔

الف : عورتوں کے نام ـ خَدِيْجَةُ۔ عَائِشَةُ۔ حَفْصَةُ۔ وغیرہ

ب : انبیائے کرام علیہم السلام کے اکثر نام ـ اِبْرَاهِيْمُ۔ يُوْسُفُ۔ هَارُوْنُ۔ وغیرہ

ج : جمع مکسر کے ایسے الفاظ جن میں الف جمع کے بعد دو یا دو سے زائد حروف ہوں۔ مَسَاجِدُ۔ قَوَارِيْرُ۔ مَقَابِرُ۔ وغیرہ

د : اَفْعَلُ کے وزن پر آنے والے اسماء ـ اَحْمَدُ۔ اَمْجَدُ۔ اَكْبَرُ۔ وغیرہ

ھ : مردوں کے ایسے نام جن کے آخر میں "ان" ہو ـ عُثْمَانُ۔ سَلْمَانُ۔ عَدْنَانُ۔ وغیرہ

و : مردوں کے ایسے نام جن کے آخر میں "ۃ" ہو۔ سَلَمَةُ۔ طَلْحَةُ۔ اُسَامَةُ۔ مُعَاوِيَةُ۔ وغیرہ

ز : فرشتوں کے نام ـ جِبْرَائِيْلُ۔ مِيْكَائِيْلُ۔ هَارُوْتُ۔ مَارُوْتُ۔ وغیرہ

ح : شہروں اور ملکوں کے اکثر نام۔ مَكَّةُ۔ بَاكِسْتَانُ۔ مِصْرُ۔ بَابِلُ۔ وغیرہ

چند دیگر اسماء۔ مثلاً ـ جَهَنَّمُ۔ اِبْلِيْسُ۔ فِرْعَوْنُ۔ قَارُوْنُ۔ يَاجُوْجُ وَمَاجُوْجُ۔

چند مثالیں : (1) اِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ بِالْكَافِرِيْنَ۔ (2) اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى صُحُفِ اِبْرَاهِيْمَ وَمُوْسٰى۔ (3) اِلٰى فِرْعَوْنَ۔ (4) عَنْ عَائِشَةَ (5) مُلْكُ مِصْرَ۔ (6) بِبَابِلَ (7) هٰذَا كِتَابُ طَلْحَةَ (8) اَلْكَعْبَةُ فِيْ مَكَّةَ (9) نَارُ جَهَنَّمَ (10) اَنَا مِنْ بَاكِسْتَانَ۔

مشق

نَحْنُ مُسْلِمُوْنَ' وَاللّٰهُ رَبُّنَا وَهُوَ خَالِقُ الْكَوْنِ وَمُدَبِّرُهُ۔ اِنَّ الْقُرْآنَ كِتَابُنَا وَهُوَ مُنَزَّلٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلٰى قَلْبِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَاسِطَةِ جِبْرِيْلَ۔ وَالْقُرْآنُ نُوْرُ الْهُدٰى لِلْعَالَمِيْنَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ' فِيْهِ دَعْوَةٌ اِلَى التَّوْحِيْدِ وَالْاِيْمَانِ بِالرُّسُلِ وَدَعْوَةٌ اِلَى الصِّدْقِ وَالْعَفَافِ وَالْعَدْلِ وَفِيْهِ نَهْيٌ عَنِ الْكَذِبِ وَالْفُحْشِ وَالظُّلْمِ۔ وَآيَاتُهُ بَيِّنَاتٌ۔ وَالرَّسُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْشِدُنَا اِلَى الْخَيْرِ وَاِلٰى طَرِيْقِ الْجَنَّةِ۔ عِبَادَةُ اللّٰهِ وَاجِبَةٌ عَلَى النَّاسِ' وَاِطَاعَةُ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاجِبَةٌ عَلٰى هٰذِهِ الْاُمَّةِ۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْخَالِقُ وَالْمُدَبِّرُ وَاِنَّهُ هُوَ وَلِيُّ الْعِبَادِ۔ وَهُوَ مُغِيْثُ الْمُضْطَرِّيْنَ وَالْمُحْتَاجِيْنَ۔ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ الْقَائِدُ وَالْاِمَامُ الَّذِيْ اِطَاعَتُهُ وَاجِبَةٌ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ۔

عَقِيْدَةُ الْمُسْلِمِيْنَ اَنَّ الْعِبَادَ رَاجِعُوْنَ اِلَى اللّٰهِ بَعْدَ مَوْتِهِمْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: "اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ"

وَقَالَ: "وَلَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ"۔ وَقَالَ: "وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ"۔ وَمَعْنٰى ذٰلِكَ اَنَّ مَتَاعَ الْآخِرَةِ هُوَ الْبَاقِيْ اِلَى الْاَبَدِ' وَهُوَ خَيْرٌ مِّنْ مَتَاعِ الدُّنْيَا۔ قَالَ تَعَالٰى: "وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى" وَقَالَ: "مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ وَّالْآخِرَةُ خَيْرٌ"۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ دَاخِلُوْنَ فِيْ جَنَّاتٍ وَّعُيُوْنٍ بَعْدَ مَوْتِهِمْ' قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: "اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ" وَقَالَ: "لَهُمْ دَرَجَاتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَمَغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ"۔

وَاِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْكُفَّارَ الَّذِيْنَ هُمْ مُسْتَهْزِءُوْنَ بِشَرِيْعَتِهٖ وَكِتَابِهٖ دَاخِلُوْنَ فِيْ جَهَنَّمَ وَهُمْ خَالِدُوْنَ فِيْهَا۔ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: "اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنَافِقِيْنَ وَالْكَافِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا" وَقَالَ: "اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ خَالِدُوْنَ"۔ وَقَالَ: "وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ"۔

اِنَّ مَغْفِرَةَ اللّٰهِ عَظِيْمَةٌ وَاِنَّ رَحْمَتَهُ وَاسِعَةٌ وَكَذٰلِكَ عَذَابُهُ اَلِيْمٌ وَغَضَبُهُ شَدِيْدٌ۔ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: "نَبِّئْ (آپ بتا دیں) عِبَادِيْ اَنِّيْ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ"۔ وَقَالَ: "اِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ"۔ فِي الْقُرْآنِ دَعْوَةٌ اِلَى الْاِنْفَاقِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَلَى الْفُقَرَاءِ وَالْمُحْتَاجِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ الْجِهَادِ۔ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: "وَفِيْ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُوْمِ"۔ وَقَالَ: "اِنَّمَا اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ وَّاللّٰهُ عِنْدَهٗ اَجْرٌ عَظِيْمٌ"۔

وَاِنَّ الْجِهَادَ لِاِعْلَاءِ كَلِمَةِ الْاِسْلَامِ لَهٗ فَضْلٌ كَبِيْرٌ فِي الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ۔ وَلِلْجِهَادِ اَنْوَاعٌ كَثِيْرَةٌ۔ مِنْهَا: اَلْجِهَادُ بِالنَّفْسِ وَالْجِهَادُ بِالْمَالِ وَالْجِهَادُ بِالْقُرْآنِ۔ وَالْجِهَادُ بِالْقُرْآنِ تَعَلُّمُهٗ وَنَشْرُهٗ وَتَبْلِيْغُهٗ اِلَى النَّاسِ وَالْعَمَلُ لِرَفْعِ رَايَةِ الْقُرْآنِ وَتَطْبِيْقُهٗ فِيْ كُلِّ جَانِبٍ مِّنْ جَوَانِبِ الْحَيَاةِ كَالْعِبَادَةِ وَالْاَخْلَاقِ وَالْاِقْتِصَادِ وَالسِّيَاسَةِ وَغَيْرِهَا فَالْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ الْاِسْلَامِ وَاجِبٌ عَلٰى كُلِّ مُؤْمِنٍ بِاللّٰهِ وَبِرَسُوْلِهٖ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ۔ فَالْحَيَاةُ الْآخِرَةُ هِيَ الْحَيَاةُ الْاَبَدِيَّةُ۔ وَالْحَيَاةُ الدُّنْيَا فَانِيَةٌ۔ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: "فَمَا مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ اِلَّا قَلِيْلٌ"۔ وَقَالَ: "اِنَّ الْآخِرَةَ هِيَ دَارُ الْقَرَارِ"۔

(1) اَلَا اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ۔ (2) لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ۔ (3) اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ۔ (4) مَا خَلْقُكُمْ

وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ إِنَّ اللّٰهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ - (5) إِنَّ اللّٰهَ عَالِمُ غَيْبِ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ - (6) يٰسٓ ' وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ ' إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ' عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ - (7) وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ - (8) وَفِي الْأَرْضِ آيَاتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ -

(1) اَلْمُؤْمِنُ مِرْآةُ أَخِيْهِ الْمُؤْمِنِ - (2) اَلْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ - (3) اَلْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ خَيْرٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيْفِ - (4) اَلصَّلٰوةُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِ - (5) اَلصَّوْمُ جُنَّةٌ (6) كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ (7) اَلسِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِّلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِّلرَّبِّ - (8) سِبَابُ الْمُؤْمِنِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ - اَلْكَاسِبُ حَبِيْبُ اللّٰهِ - (10) خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِأَهْلِهِ وَأَنَا خَيْرُكُمْ لِأَهْلِيْ -

الدرس الثالث عشر :

جملہ فعلیہ = ایسا جملہ جو فعل سے شروع ہو

صیغہ	وزن	مادہ

مادہ: (Root)- وہ مواد (Raw Material) جس سے فعل وجود میں آتا ہے۔

وزن: (Die)- وہ سانچہ جس میں مادہ (Raw Material) رکھا جاتا ہے۔

صیغہ: (Form)- فعل سے متعلقہ لفظ کی وہ مستعمل شکل (Applied Form) جو مادہ (Raw material) کو وزن (Die) میں ڈالنے کے بعد بنتی ہے۔

ف ت ح	ض ر ب	ن ص ر	س م ع	ش ر ب	ع ل م	ک ر م	ح س ن	ب ع د
	فَعَلَ			فَعِلَ			فَعُلَ	

فَتَحَ۔ ضَرَبَ۔ نَصَرَ   سَمِعَ۔ شَرِبَ۔ عَلِمَ   كَرُمَ۔ حَسُنَ۔ بَعُدَ

فَعَلَ۔ فَعِلَ۔ فَعُلَ   یہ تینوں اوزان (وزن کی جمع) فعل ماضی کے ہیں۔

فعل ماضی۔   ایسا فعل جس میں کام کرنے یا ہونے کا زمانہ ماضی (Past) سے تعلق ہو۔

مثلاً

فَتَحَ۔ اس نے کھولا	سَمِعَ۔ اس نے سنا	كَرُمَ۔ وہ معزز ہوا
ضَرَبَ۔ اس نے مارا	شَرِبَ۔ اس نے پیا	حَسُنَ۔ وہ اچھا ہوا
نَصَرَ۔ اس نے مدد کی	عَلِمَ۔ اس نے جانا	بَعُدَ۔ وہ دور ہوا

قواعد

(1) کوئی بھی فعل، فاعل (Subject) کے بغیر نہیں ہوتا۔ یعنی ہر فعل کا فاعل لازماً ہوتا ہے۔

(2) فاعل کبھی اسم ضمیر (Pronoun) کی صورت میں فعل کے اندر پوشیدہ (Hidden) ہوتا ہے اور کبھی اسم ظاہر (Noun) کی صورت میں جملے میں مذکور (Mentioned)۔ مثلاً "وہ گیا" میں فاعل "وہ" ہے جو کہ ضمیر ہے۔ اور "لڑکا گیا" میں فاعل "لڑکا" ہے۔ جو کہ اسم ظاہر ہے۔

(3) عربی زبان میں ضمیر (Pronoun) کا مفہوم فعل کے اندر پوشیدہ ہوتا ہے۔ مثلاً "وہ گیا" کا عربی میں ترجمہ ہے "ذَهَبَ"۔ "وہ" کا مفہوم "ذَهَبَ" کے اندر ہی پوشیدہ ہے۔

(4) فعل ماضی سے پہلے "مَا" لگا دینے سے نفی کا مفہوم پیدا ہو جاتا ہے۔ مثلاً "مَاذَهَبَ" ۔ نہیں گیا۔

مثالیں :

فَعَلَ ۔ ظَهَرَ ۔ خَلَقَ ۔ جَعَلَ ۔ حَضَرَ ۔ دَخَلَ ۔ خَرَجَ ۔ رَزَقَ ۔ جَلَسَ

فَعِلَ ۔ قَبِلَ ۔ فَرِحَ ۔ كَرِهَ ۔ ضَحِكَ ۔ شَرِبَ ۔ عَمِلَ ۔ غَضِبَ ۔ شَهِدَ ۔

فَعُلَ ۔ ضَعُفَ ۔ كَبُرَ ۔ كَثُرَ ۔ ثَقُلَ ۔ خَبُثَ ۔

فعل ماضی کی گردان

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	فَعَلَ	فَعَلَا	فَعَلُوْا
غائب	مؤنث	فَعَلَتْ	فَعَلَتَا	فَعَلْنَ
مخاطب / حاضر	مذکر	فَعَلْتَ	فَعَلْتُمَا	فَعَلْتُمْ
مخاطب / حاضر	مؤنث	فَعَلْتِ	فَعَلْتُمَا	فَعَلْتُنَّ
متکلم	مذکر / مؤنث	فَعَلْتُ	فَعَلْنَا	فَعَلْنَا

مادہ	وزن	صیغہ	ترجمہ
ذ ھ ب	فَعَلَ	ذَهَبَ	وہ گیا
ذ ھ ب	فَعَلَا	ذَهَبَا	وہ دو گئے
ذ ھ ب	فَعَلُوْا	ذَهَبُوْا	وہ سب گئے
ذ ھ ب	فَعَلَتْ	ذَهَبَتْ	وہ گئی
ذ ھ ب	فَعَلَتَا	ذَهَبَتَا	وہ دو گئیں
ذ ھ ب	فَعَلْنَ	ذَهَبْنَ	وہ سب گئیں
ذ ھ ب	فَعَلْتَ	ذَهَبْتَ	تو گیا
ذ ھ ب	فَعَلْتُمَا	ذَهَبْتُمَا	تم دو گئے
ذ ھ ب	فَعَلْتُمْ	ذَهَبْتُمْ	تم سب گئے
ذ ھ ب	فَعَلْتِ	ذَهَبْتِ	تو گئی
ذ ھ ب	فَعَلْتُمَا	ذَهَبْتُمَا	تم دو گئیں
ذ ھ ب	فَعَلْتُنَّ	ذَهَبْتُنَّ	تم سب گئیں
ذ ھ ب	فَعَلْتُ	ذَهَبْتُ	میں گیا / میں گئی
ذ ھ ب	فَعَلْنَا	ذَهَبْنَا	ہم گئے / ہم گئیں

عربی میں ترجمہ کریں :

(1) ہم نے سنا (2) وہ سب گھر میں داخل ہوئے (3) تم سب میرے کمرے میں کیوں داخل ہوئے (4) ان سب (مؤنث) نے سنا (5) تم دونوں کیوں ہنسے؟ (6) وہ بہت ناراض ہوئی (7) ہم نے نہیں سنا (8) ہم نے نہیں مارا (9) وہ دونوں یہاں کیوں نہیں بیٹھے؟ (10) وہ سب کمرے میں بیٹھے اور پھر نکل گئے۔

الدرس الرابع عشر

لازم اور متعدی

فاعل (Subject) کے بغیر تو فعل (Verb) کا تصور ہی نہیں۔ البتہ مفعول (Object) کا آنا ہر فعل کے ساتھ لازمی نہیں۔ مثلاً ذَهَبَ خَالِدٌ (خالد گیا) کے ساتھ مفعول کا استعمال ممکن نہیں لیکن ضَرَبَ خَالِدٌ (خالد نے مارا) کے ساتھ جملہ مکمل کرنے کیلئے مفعول کا استعمال لازمی ہے۔ چنانچہ جملہ یوں مکمل ہو گا ضَرَبَ خَالِدٌ حَامِدًا (خالد نے حامد کو مارا)

ایسا فعل جو صرف فاعل پر ہی اکتفا کرے وہ فعل لازم (Intransitive) ہے اور جس میں فاعل کے ساتھ ساتھ مفعول (Object) کا استعمال بھی ہو وہ متعدی (Transitive) ہے۔

فعل متعدی کے اردو ترجمہ میں عموماً "نے" آتا ہے جب کہ فعل لازم کے اردو ترجمہ میں "نے" نہیں آتا۔ ایک فرق یہ بھی ہے کہ فعل لازم میں "ہونے" اور فعل متعدی میں "کرنے" کا مفہوم پایا جاتا ہے۔ مثلاً دَخَلَ وہ داخل ہوا قَبِلَ اس نے قبول کیا۔

قواعد

1- جملہ فعلیہ کی ترتیب یوں ہوتی ہے۔

فعل + فاعل + مفعول (Verb + Subject + Object)

2- فاعل ہمیشہ حالتِ رفع (Original Form) اور مفعول ہمیشہ حالتِ نصب میں استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً نَصَرَ اللّٰهُ الْعَبْدَ

3- فاعل (Subject) اگر ظاہر (Mentioned) ہو تو فعل کا صیغہ ہمیشہ واحد (Singular) استعمال ہو گا۔ مذکر کے ساتھ مذکر اور مؤنث کے ساتھ مؤنث مثلاً ذَهَبَ وَلَدٌ۔ ذَهَبَ وَلَدَانِ۔ ذَهَبَ اَوْلَادٌ۔ ذَهَبَتْ بِنْتٌ۔ ذَهَبَتْ بِنْتَانِ۔ ذَهَبَتْ بَنَاتٌ۔

4- فعل کو اگلے لفظ کے ساتھ ملانے کیلئے آخر میں زیر دی جاتی ہے۔ مثلاً جَلَسَتْ الْبِنْتُ کو جَلَسَتِ الْبِنْتُ پڑھا جائے گا۔

مثالیں

(1) خَلَقَ اللّٰهُ الْاِنْسَانَ (2) ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا (3) ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ (4) خَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ (5) بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ (6) سَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ (7) رَكَعَ النَّاسُ (8) قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا (9) نَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ (10) جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ (11) رَكِبَا فِي السَّفِيْنَةِ (12) وَجَدَا فِيْهَا جِدَارًا (13) نَسِيَا حُوْتَهُمَا (14) لَقِيَا غُلٰمًا (15) سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ (16) مَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ (17) غَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ (18) مَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا (19) لَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ (20) ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ (21) مَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ (22) خَلَقَ الْاِنْسَانَ (23) لَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا (24) وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ (25) اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُوْا فِيْهَا (26) وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ (27)

إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِآيَاتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ (28) وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ إِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ (29) قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ (30) قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْا أَوْلَادَهُمْ (31) مَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ (32) وَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوٗدَ۔

عربی میں ترجمہ کریں :

(1) خالد کرسی پر بیٹھا۔ (2) لڑکے نے دودھ پیا۔ (3) میں نے کتاب پڑھی۔ (4) اللہ نے آسمانوں کو پیدا کیا۔ (5) چور نے مسافر کو قتل کیا۔ (6) ہم نے مظلوموں کی مدد کی۔ (7) آسمان سے بارش نازل ہوئی۔ (8) اللہ نے رسول بھیجے۔ (9) ہم نے قرآن سنا۔ (10) مشرکوں نے بتوں کے سامنے سجدہ کیا۔ (11) کافروں نے گائے کی پوجا کی۔ (12) مسلمانوں نے گائے کو ذبح کیا اور اس کا گوشت کھایا۔ (13) تم دونوں کل کہاں گئے؟ (14) ہم اسلام آباد گئے۔ (15) تم سب کب واپس آئے؟ (16) حامد کو کس نے مارا؟ (17) اللہ نے توبہ کرنے والوں کو بخشا۔ (18) دونوں لڑکیوں نے قرآن پڑھا۔ (19) عورتیں گھر میں داخل ہوئیں۔ (20) تو کل سکول کیوں حاضر نہیں ہوئی؟

الدرس الخامس عشر:

جملہ فعلیہ کو جملہ اسمیہ میں تبدیل کرنا

فاعل ہمیشہ فعل کے بعد آتا ہے۔ اگر فعل سے پہلے آجائے تو وہ فاعل (Subject) نہیں 'مبتدا (Starting Noun) کہلائے گا۔ مثلاً ذَهَبَ الْوَلَدُ میں "اَلْوَلَدُ" فاعل ہے اور اَلْوَلَدُ ذَهَبَ میں "اَلْوَلَدُ" مبتدا ہے۔

ترکیب نحوی (Grammatic Analysis) (ا)= ذَهَبَ-فعل اَلْوَلَدُ-فاعل (فعل+فاعل-جملہ فعلیہ)

(ب)=اَلْوَلَدُ- مبتدا ذَهَبَ=فعل+فاعل=خبر (مبتدا+خبر=جملہ اسمیہ)

قواعد

(1) خبر(Information) مبتدا(Starting Noun) کے مطابق ہوتی ہے۔ مثلاً اَلْوَلَدُ ذَهَبَ۔ اَلْوَلَدَانِ ذَهَبَا۔ اَلْاَوْلَادُ ذَهَبُوْا۔ اَلْبِنْتُ ذَهَبَتْ۔ اَلْبِنْتَانِ ذَهَبَتَا۔ اَلْبَنَاتُ ذَهَبْنَ۔

(2) جملہ فعلیہ کو جملہ اسمیہ میں تبدیل کرنے سے فاعل پر Stress کرنا (زور دینا) اور اسے Focus (نمایاں) کرنا مقصود ہوتا ہے۔ مثلاً خَلَقَ اللّٰهُ السَّمَاءَ (جملہ فعلیہ) کو اَللّٰهُ خَلَقَ السَّمَاءَ (جملہ اسمیہ) میں تبدیل کرنے سے لفظ اللہ پر Strees کرنا مقصود ہے۔ اسی طرح "ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا يَا اِبْرَاهِيْمُ" اور "نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ" میں اَنْتَ اور نَحْنُ پر زور دیا گیا ہے۔

(3) فاعل اگر جمع مکسر (Broken Plural) ہو تو فعل کا صیغہ مذکر بھی آسکتا ہے اور مؤنث بھی۔ مثلاً "قَرَأَ الرِّجَالُ الْقُرْآنَ اور قَرَأَتِ الرِّجَالُ الْقُرْآنَ دونوں طرح صحیح ہیں قرآن مجید میں ہے "وَقَالَ نِسْوَةٌ" اور "وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى نَحْنُ اَبْنَاءُ اللّٰهِ وَاَحِبَّاؤُهُ" اور "اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ"۔

چند احادیث:

(1) اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ (2) لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ آكِلَ الرِّبَا (3) مَنْ رَضِيَ مِنَ اللّٰهِ بِالْيَسِيْرِ مِنَ الرِّزْقِ رَضِيَ اللّٰهُ مِنْهُ بِالْقَلِيْلِ مِنَ الْعَمَلِ (4) مَنْ خَرَجَ فِيْ طَلَبِ الْعِلْمِ فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (5) مَنْ زَرَعَ فِيْ اَرْضِ قَوْمٍ بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ فَلَيْسَ لَهٗ مِنَ الزَّرْعِ شَيْءٌ وَلَهٗ نَفَقَتُهٗ (6) مَنْ قَرَاَ حَرْفًا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلَهٗ بِهٖ حَسَنَةٌ (7) مَنْ لَزِمَ الْاِسْتِغْفَارَ جَعَلَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَخْرَجًا وَمِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا (8) لَعَنَ اللّٰهُ الْمُتَشَبِّهِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ (9) مَنْ تَرَكَ صَلَاةَ الْعَصْرِ حَبِطَ عَمَلُهٗ (10) مَنْ تَرَكَ الصَّلَاةَ مُتَعَمِّدًا فَقَدْ كَفَرَ

جملہ فعلیہ کو جملہ اسمیہ میں تبدیل کریں :

(1) جَلَسَ الْوَلَدَانِ اَمَامَ الْمُعَلِّمِ (2) نَصَرَ الْمُسْلِمُوْنَ اِخْوَانَهُمْ (3) شَرِبَ الْاَوْلَادُ اللَّبَنَ (4) اَكَلَ الْمُسَافِرُوْنَ الطَّعَامَ (5) رَجَعَتِ الْبِنْتَانِ مِنَ الْمَدْرَسَةِ (6) طَلَبَ الْمُدِيْرُ الطُّلَّابَ (7) كَتَبْتُ رِسَالَةً اِلٰى اَخِيْ (8) هَلْ ضَرَبْتَ حَامِدًا؟ (9) رَجَعَ الطُّلَّابُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ بَعْدَ الْعُطْلَاتِ (10) سَمِعَ النَّاسُ كَلَامَ الْخَطِيْبِ۔

تصحیح کریں :

(1) ذَهَبُوْا الْاَوْلَادُ اِلٰى بُيُوْتِهِمْ (2) اَلْمُسَافِرُوْنَ رَجَعْتُمْ مِنَ السَّفَرِ (3) دَخَلَتْ اَلنِّسَاءُ فِي الْبَيْتِ (4) دَخَلَ السَّارِقَانِ فِي الْبَيْتِ وَسَرَقُوْا الْمَالَ (5) كَتَبْتُ رِسَالَةٌ اِلٰى وَالِدِيْ (6) غَضِبَ الْوَالِدُ عَلٰى اَبْنَائِهٗ (7) ضَرَبَ الْوَلَدَانِ الطِّفْلَانِ (8) نَصَرَتْ اَلْبَنَاتُ اَخَوَاتِهِنَّ (9) سَمَعَ النَّاسُ الْقُرْآنَ (10) عَبَدَ الْمُسْلِمُوْنَ اللّٰهُ (11) اَلْوَلَدَانِ خَرَجُوْا مِنَ الْبَيْتِ وَدَخَلُوْا فِي الْمَسْجِدِ (12) خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَمَامَ النَّاسِ۔

خالی جگہ پر کریں۔

(1) دَخَلْنَا .... الْمَسْجِدِ (2) هَلْ ذَهَبْتَ .... الْمَدْرَسَةِ اَمْسِ (3) جَلَسَ الطُّلَّابُ .... الْمَقَاعِدِ (4) خَرَجَ الْمُسْلِمُوْنَ .... بُيُوْتِهِمْ وَدَخَلُوْا .... الْمَسْجِدِ (5) غَضِبَتْ .... عَلٰى بِنْتِهَا۔

فعل مضارع

(1): بنیادی طور پر فعل کی دو ہی اقسام ہیں ۔1۔ فعل ماضی 2۔ فعل مضارع

فعل ماضی کا تعلق زمانہ ماضی اور فعل مضارع کا باقی دونوں زمانوں حال اور مستقبل (Present and Future) سے ہے۔

(2): فعل ماضی کی طرح فعل مضارع کے بھی تین اوزان (Dies) ہیں۔

يَفْعَلُ يَفْعِلُ يَفْعُلُ

مادہ	وزن	صیغہ	ترجمہ
ف ت ح	يَفْعَلُ	يَفْتَحُ	وہ کھولتا ہے / کھولے گا
ض ر ب	يَفْعِلُ	يَضْرِبُ	وہ مارتا ہے / مارے گا
ن ص ر	يَفْعُلُ	يَنْصُرُ	وہ مدد کرتا ہے / کرے گا

فعل مضارع کی گردان (Table)

		واحد	تثنیہ	جمع
غائب	مذکر	يَفْعَلُ	يَفْعَلَانِ	يَفْعَلُوْنَ
غائب	مؤنث	تَفْعَلُ	تَفْعَلَانِ	يَفْعَلْنَ
مخاطب / حاضر	مذکر	تَفْعَلُ	تَفْعَلَانِ	تَفْعَلُوْنَ
